## چھٹی اکائی

# ماموں کا گاؤں

شاداں : آج ہم سب ماموں کے گاؤں جائیں گے۔

افشاں : ہاں، شاداں! میں بھی چلوں گی۔

شاداں : سنا ہے، وہاں کوئی میلا لگا ہے۔

افشاں : پھر تو ہم میلا گھومنے ضرور جائیں گے۔

شاداں : وہاں ہمیں بڑا مزا آئے گا!

افشاں : رات میں ماموں کے گھر کے آنگن میں بیٹھیں گے۔

شاداں : ہاں، ہاں! نانی سے کہانیاں بھی سنیں گے۔

افشاں : پھر ہنسی خوشی گھر لوٹ آئیں گے۔

### جلدی جلدی بولو!

گاؤں پاؤں

پھانک جھانک

پھانس سانس

چاند ماند

یہاں وہاں

کہاں جہاں



| | | | |
|---|---|---|---|
| شاداں | ماموں | گاؤں | |
| افشاں | جائیں | چلوں | ہاں |
| وہاں | ہوں | ہمیں | کہانیاں |
| آنگن | بیٹھیں | گے | آئیں گے |

# میری پتنگ

* سنو اور دہراؤ۔

دیکھو میری پتنگ
کیسا ہے اس کا رنگ
دیکھ اڑنے کا ڈھنگ
لوگ سارے ہیں دنگ
جی میں ہے یہ اُمنگ
میں اُڑوں اس کے سنگ



* ان لفظوں میں دو طرح کے نون غنے آئے ہیں، انھیں الگ کر کے لکھو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چاند | مانگ | سنگ | بُلند | قند | کانچ |
| کنول | جنگ | پلنگ | آنگن | ملنگ | منگل |

پڑھو اور لکھو۔

چاندتارا  بلند پہاڑ  گیلا آنگن  آنکھ مچولی
دھنک رنگ  بجلی کوندی  گنگا بہتی ہے

* دیکھو اور پڑھو۔

ماموں  نازاں  شاداں  دانت  چاند  آنکھ  ہونٹ  مانگ

پڑھو اور لکھو۔

پاؤں پونچھ  دانت مانجھ  چولھے کا دھواں  چڑیوں کا گھونسلا  سانپ کا پھن

جلدی جلدی بولو!


سنگ ڈھنگ
جنگ بھنگ

ٹھنڈے
انڈے
سنڈے
منڈے

بُلند سمند
کمند قند

YPRFF1

# ہمارا پَرچم



یہ ہَمارا پَرچَم ہے۔ اس میں تین رَنگ ہیں اِس لیے اِسے ترَنگا کہتے ہیں۔ اوُپر زَعُفرانی رَنگ ہے۔ بِیچ میں سفید رَنگ ہے۔ نیچے ہَرا رَنگ ہے۔ سفید پٹّی میں ایک چکُر ہے۔ اِس کا رَنگ نیلا ہے۔ اِسے اشوک چکُر کہتے ہیں۔ ہم قومی تہواروں پر اپنے پرچم کو سَلامی دیتے ہیں۔ ہمیں اپنے پرچم سے محبّت ہے۔ یہ ہمارے وَطن کی عزّت ہے۔

## مشقی سرگرمی

**دیکھو اور لکھو۔**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پَرچم | رَنگ | ترَنگا | زعفرانی | سفید | ہرا | پٹّی |
| اشوک | چکُر | نیلا | تَہوار | سَلامی | محبّت | عزّت |

**خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھو۔**

۱۔ سفید .................... میں ایک چکُر ہے۔

۲۔ ہم قومی تہواروں پر اپنے پرچم کو .................... دیتے ہیں۔

۳۔ ہمیں اپنے پرچم سے .................... ہے۔


۴۔ یہ ہمارے .................... کی عزّت ہے۔

YQ1BGN

# رنگوں کا ہے بڑا کمال

* نظم پڑھو۔

رنگوں کا ہے بَڑا کمال
دیکھو سوٗرج نِکلا لال
سرسوں پھوٗلی پیلی پیلی
اَلسی پھوٗل رہی ہے نیلی
ہرا چَنا لگتا ہے نیارا
سفید موگرا ، پیارا پیارا
کالا کوّا بول رہا ہے
نارَنگی پَر ڈول رہا ہے




## مشقی سرگرمی

خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھو۔

۱۔ سوٗرج کا رنگ ..................... ہے۔


۲۔ سرسوں کا رنگ ..................... ہے۔

۳۔ اَلسی کا رنگ ..................... ہے۔

۴۔ چنے کا رنگ ..................... ہے۔

۵۔ موگرے کا رنگ ..................... ہے۔

# گاندھی جی



یہ گاندھی جی ہیں۔ سب لوگ گاندھی جی کو باپُو کہتے ہیں۔ وہ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ روز صبح سویرے اُٹھتے اور خُدا کی عِبادت کرتے۔ ان کا رہن سہن سیدھا سادہ تھا۔ وہ کہا کرتے تھے، ''ہم سب ایک ہیں، ہندو، مُسلم، سِکھ، عیسائی آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ ہم سب ایک خُدا کے بَندے ہیں۔''

پہلے ہمارے مُلک پر انگریز راج کیا کرتے تھے۔ باپُو نے کہا، ''آؤ، ہم سب مِل کر اپنے مُلک کو آزاد کرائیں۔'' سب نے اُن کا ساتھ دیا اور ہمارا ملک آزاد ہوگیا۔ اب ہم سب آزاد ہیں۔

## مشقی سرگرمی

### دیکھو اور لکھو۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آ قا | مالِک | خُدا | صُبح | عِبادت | ہندؤ | مُسلِم |
| سِکھ | عیسائی | مُلک | شہر | سیدھا | سچّا | بندہ |

### جواب لکھو۔

۱۔ لوگ گاندھی جی کو کیا کہتے ہیں؟

۲۔ باپو کا رہن سہن کیسا تھا؟

۳۔ ہم سب کس کے بندے ہیں؟

۴۔ آزادی سے پہلے ہمارے ملک پر کون راج کرتا تھا؟

### * بتاؤ تو بھلا!

۱۔ پانچ پھؤلوں کے نام بتاؤ۔

۲۔ پانچ پھلوں کے نام بتاؤ۔

۳۔ پانچ پرندوں کے نام بتاؤ۔

۴۔ پانچ رنگوں کے نام بتاؤ۔

۵۔ پانچ پالتو جانوروں کے نام بتاؤ۔

### کھیل کھیل میں سیکھو۔

۱۔ ایسے پانچ لفظ لکھو جن کا آخری حرف 'ک' ہو۔

۲۔ ایسے پانچ لفظ لکھو جن کا دوسرا حرف 'ن' ہو۔

۳۔ ایسے تین لفظ لکھو جن کا پہلا حرف 'م' ہو۔

۴۔ ایسے تین لفظ لکھو جن کا پہلا حرف 'ب' ہو۔

YQA7IB

# حرؤف کی جوڑ شکلیں

یہاں حروف تہجی کی مختلف تحریری شکلوں کو بتایا گیا ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | | | | | ادرک | یاور | آگ | ہوا | |
| ب | بـ | بـا | بہ | بر | بدن | بوتل | بہن | چابی | حبیب |
| ج | جـ | ـجـ | | | بجلی | جہاز | | | |
| د | ـد | | | | بدن | گیند | | | |
| ر | ـر | ـر | | | ربر | طاہر | | | |
| س | سـ | ـسـ | | | سؤرج | کسب | انس | | |
| ص | صـ | | | | صؤرت | صاحب | قمیص | | |
| ط | ـط | | | | خط | مطلب | شرط | | |
| ع | عـ | ـعـ | ـع | | عزّت | جمعہ | جمع | شرؤع | |
| ف | فـ | ـفـ | | | فقیر | سفر | حرف | | |
| ق | قـ | ـقـ | | | قاسم | عقیل | ورق | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ک ک ک ک | کوٹ | کام | ادرک | | |
| ل ل ل ل | لاٹھی | لوٹا | لمبا | مال | |
| م م م م م | علم | مہک | محبوب | احمد | قدم |
| ن ن ن ن ن | ناک | نوک | نمک | نانی | نان |
| ں | ہاں | نہیں | اُونٹ | | |
| و و | بول | دو | | | |
| ہ ہ ہ ہ ہ | ہاں | ہرا | بہن | خالہ | وہ |
| ء | آئی | آئیں | گاؤں | غائب | |
| ی ی ی ی ی | الیاس | پرویز | یہاں | یونس | درزی |
| ے | بچّے | بالے | | | |

تصویر میں کیا نظر آ رہا ہے؟ پانچ جملے لکھو۔




آزادی
پپّو، ببلو! دیکھو ابّو تمھارے لیے کیا لائے ہیں؟
خوب صوُرت طوطوں کی جوڑی... نام ہے چُنّو اور مُنّو۔
ٹیں، ٹیں
بعد میں...
چُنّو اور مُنّو!!
یہ اتنا پھڑ پھڑا کیوں رہے ہیں؟
کیونکہ یہ پنجرے میں قید ہیں۔ان کو اپنے ابو اور امی کی یاد آ رہی ہوگی۔
ہاں! مجھے بھی ایسا لگ رہا ہے۔
ہمیں اپنی آپا نے بھی کہا ہے نا کہ پرندوں کو قید نہ کرو۔
چلو پھر ایسا کرتے ہیں، ان دونوں کو پنجرے سے آزاد کر دیتے ہیں۔
ٹیں، ٹیں
پپو اور ببلو پنجرے کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔ دونوں طوطے اُڑ جاتے ہیں۔
پپّو، ببلو، یہ کیا؟ تم نے طوطوں کو کیوں اُڑا دیا؟
ہمیں ہماری آپا نے بتایا تھا کہ پرندوں کو قید نہیں کرنا چاہیے۔ اس لیے ہم نے ان بے زبان پرندوں کو آزاد کر دیا۔

کہانی

# سمجھ دار بکریاں

کسی گاؤں کے پاس ایک ندی تھی۔ اس پر ایک چھوٹا سا پُل تھا۔ ایک وقت میں ایک ہی آدمی اس پر سے گُزر سکتا تھا۔



ایک دن ایسا ہوا کہ ایک بکری آدھی دُور تک پُل پر آ گئی۔ اس نے دیکھا کہ سامنے سے دُوسری بکری بھی آ رہی ہے۔ دونوں آمنے سامنے کھڑی ہوگئیں۔ دونوں میں سے کوئی بھی نہ آگے جاسکتی تھی اور نہ پیچھے۔ پہلی بکری نے کہا: ''میں بیٹھ جاتی ہوں، تم میری پیٹھ پر پاؤں رکھو اور چلی جاؤ۔'' وہ نیچے بیٹھ گئی۔ دُوسری بکری اس پر سے گُزر گئی۔ اب پہلی بکری کھڑی ہوئی۔ اس نے بھی پُل پار کرلیا۔ اس طرح دونوں خوش خوش اپنے راستے چلی گئیں۔


## * سنو اور عمل کرو (اشاراتی زبان)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ آنکھیں بند کرو۔ | ۲۔ مُڑ کر دیکھو۔ | ۳۔ ایک بار تالی بجاؤ۔ |
| ۴۔ ہاتھ پیچھے کرو۔ | ۵۔ سر پر ہاتھ رکھو۔ | ۶۔ گردن گول گُھماؤ۔ |





* نقطے جوڑ کر اپنی پسند کی تصویریں بناؤ۔



* تصویروں کو غور سے دیکھو۔ دونوں میں کیا الگ نظر آ رہا ہے، اس پر ⬭ بناؤ۔





* دونوں تصویریں غور سے دیکھو اور ان میں فرق پہچانو۔ تصویر 'ب' کے الگ حصے پر ✓ نشان بناؤ۔

الف



ب



## مشقی سرگرمی

### لفظ کا پہلا حرف لکھو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| انار = ......... | بندر = ......... | پتنگ = ......... | تربوز = ......... |
| ٹماٹر = ......... | ثمر = ......... | جہاز = ......... | چرخا = ......... |
| حلوائی = ......... | خط = ......... | درزی = ......... | ڈمرو = ......... |
| ذخیرہ = ......... | ربر = ......... | زنجیر = ......... | سنترا = ......... |
| شہنائی = ......... | صابن = ......... | ضعیف = ......... | طبلہ = ......... |
| ظروف = ......... | عینک = ......... | غار = ......... | فراک = ......... |
| قینچی = ......... | کبوتر = ......... | گدھا = ......... | لڈّو = ......... |
| مچھلی = ......... | نل = ......... | ورق = ......... | ہاتھی = ......... |
| یکّا = ......... | | | |


### تصویر اور حرف کی جوڑیاں لگاؤ۔

| | |
|---|---|
|  | چھ |
|  | جھ |
|  | ٹھ |
|  | بھ |
|  | پھ |
|  | تھ |

YQSYLL

## مشقی سرگرمی

* جوڑیاں لگاؤ۔



## اپنے وطن میں سب کُچھ ہے پیارے

اپنے وطن کے دِن رات نیارے
کِھلتی ہیں کلیاں ہنستے ہیں تارے
وہ ندیاں ہیں اَمرِت کے دھارے
دُنیا سے اونچے پَربَت ہمارے
باغ اور آکاش پھوُل اور تارے
اپنے وطن میں سَب کُچھ ہے پیارے

## بِلّی کے گلے میں گھنٹی

ایک جگہ بہت سے چوُہے اکٹھّے رہتے تھے۔ ایک بِلّی ہر وقت ان کی تاک میں رہتی تھی۔ روز وہ ایک چوُہے کا شکار کرلیتی تھی۔ تنگ آ کر ایک دن سب چوُہے مل کر بیٹھے اور بِلّی سے بچنے کی تدبیریں سوچنے لگے۔ کوئی کچھ کہتا کوئی کچھ۔ ایک چوُہا خود کو بہت عقل مند سمجھتا تھا۔ اس نے کھڑے ہوکر کہا کہ اگر میری ترکیب کے مطابق کام کیا جائے تو آئندہ بِلّی کسی چوُہے کو نہیں پکڑ سکے گی۔ وہ ترکیب یہ ہے کہ بِلّی کے گلے میں ایک گھنٹی باندھ دی جائے تاکہ جب وہ ہم میں سے کسی پر جھپٹے تو گھنٹی کی آواز سن کر ہم سب اپنے اپنے بِلوں میں چُھپ جائیں۔ سب چوُہے یہ ترکیب سن کر بہت خوش ہوئے اور اس چوُہے کی تعریف کرنے لگے۔



ایک بوُڑھا چوہا جو اب تک خاموش بیٹھا سب کی باتیں سن رہا تھا، وہ کہنے لگا: ''بھائیو! ترکیب تو خَیر اچھّی ہے لیکن یہ بھی تو طے کرلو کہ بِلّی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے گا۔'' بوُڑھے چوُہے کی بات سن کر سب چوُہے خاموش ہوکر اپنے اپنے بِل میں جا چُھپے۔

# مشقی سرگرمی

* حرفوں کو جوڑ کر لفظ بناؤ۔

